HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

efu
GENERAL




# ای ایف یو
# ٹرانزیکشنل شیلڈ پلان

# ای ایف یوٹرانزیکشنل شیلڈ پلان

ٹرانزیکشنل تکافل کا تعارف، مالی لین دین کا تحفظ کرنے کے مقصد کے لئے وضع کیا گیا ایک جامع اور جدید حل پیش کر کے تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ تکافل پروڈکٹ ایک ٹرم تکافل کا فائدہ بھی فراہم کرے گی، جو کسی بھی باعث، بدقسمتی سے شرکت کنندہ کی وفات کی صورت میں بینیفشریز کو ایک یکمشت رقم ادا کر کے مکمل مالی ضمانت کا یقین دلاتا ہے۔ یہ منفرد پروڈکٹ تحفظ کی دہری تہہ پیش کر کے خود کو نمایاں کرتی ہے۔ نہ صرف یہ شرکاء کو ان کے لین دین سے منسلک ممکنہ مالی نقصانات سے اپنی حفاظت میں لے لیتی ہے بلکہ ان کو ٹرم تکافل کے اضافی جُز کے ذریعے ذہنی سکون بھی فراہم کرتی ہے۔ اکاؤنٹس میں کسی دھوکہ دہی/ بلا اجازت ڈیجیٹل لین دین کی وجہ سے صارف کے اکاؤنٹ/ کارڈ سے نقد رقم کے نقصان کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ نتیجتاً، ای ایف یوٹرانزیکشن شیلڈ پلان، لین دین کے خطرات اور ذاتی مالی تحفظ کے لئے وسیع تر ضرورت دونوں پر توجہ دیتے ہوئے، ایک کلّی مالی تحفظ کے طور پر ابھرتا ہے۔

## پلان کے کیا فائدے ہیں؟

| کیٹگری | لین دین کی دھوکہ دہی پر فائدہ | ٹرم تکافل فائدہ | سالانہ کنٹریبیوشن |
| --- | --- | --- | --- |
| انتخاب 1 | 30,000 روپے تک | 50,000 روپے | 500 روپے |
| انتخاب 2 | 50,000 روپے تک | 100,000 روپے | 700 روپے |
| انتخاب 3 | 100,000 روپے تک | 150,000 روپے | 1,000 روپے |
| انتخاب 4 | 150,000 روپے تک | 200,000 روپے | 1,300 روپے |

تمام رقوم پاکستانی روپوں میں

## میں کس عمر پر پلان میں خود کا اندراج کروا سکتا ہوں؟

* اندراج کی عمر: 18 سے 64 سال
* تحفظ کی عمر: 18 سے 65 سال

* صرف ٹرم تکافل فائدے پر اطلاق ہوتا ہے

دھوکہ دہی لین دین فائدے پر عمر کی کوئی حد نہیں

پالیسی/PMD کی مدّت: ایک سال

غور وفکر کا دورانیہ: 14 دن (14 دن کا غور وفکر کا دورانیہ کٹوتی کے دن سے شروع ہوتا ہے)

## پلان میں کس چیز کو تحفظ حاصل نہیں ہے؟

- لین دین کے ریکارڈنگ سسٹم میں کسی بھی قسم کی غلطیاں ۔
- صارف کے اکاؤنٹ سے لین دین کی اصل رقم سے کم یا زیادہ رقوم سے کٹوتی ۔
- بینک/ مالی ادارے/ اکاؤنٹ میں میزان سے مختص کی گئی حد سے زیادہ اکاؤنٹ سے کٹوتی ۔
- کسی بھی قسم کی سائبر دھوکہ دہی/ ذمہ داری/ جرم سے متعلق اور اسی نوعیت کے نقصانات کے لئے کوئی تحفظ نہیں ۔
- ان نقصانات کے لئے کوئی تحفظ نہیں جو پالیسی/PMD کے اجراء کی تاریخ سے قبل شریک کے علم میں ہوں۔
- کسی بھی چکمے، چالبازی اور ذاتی اور مالی معلومات کے لئے کوئی تحفظ نہیں جہاں صارف کو بغیر جانے بوجھے یا جان بوجھ کر اپنی بینک کی خفیہ معلومات فراہم کردے۔
- کسی بھی پراسرار لین دین کے لئے کوئی تحفظ نہیں جس میں نقصان کی وجہ کا پتہ نہ لگ سکتا ہو اور تعین نہیں کیا جا سکتا ہو ۔
- کوئی بھی نقصان جس کی پالیسی مدت کے دوران پتہ نہ لگے اور اطلاع نہ دی گئی ہو ۔
- کسی بھی قسم کا دھوکہ جو خود صارف کی طرف سے دیا گیا ہو خواہ اکیلے یا کسی کے ساتھ سازباز کر کے ۔
- کوئی بھی نقصان جو براہ راست یا بالواسطہ صرف کا ذاتی معلومات کا تبادلہ کی وجہ سے ہو، بشمول لیکن یکبار پاس ورڈ (OTP) تک ہی محدود نہیں، ذاتی اکاؤنٹ اور/ یا کارڈ کی تفصیلات وغیرہ، شعوری یا غیر شعوری طر پر یا کسی دھمکی یا دباؤ کے تحت ۔
- جنگ، ہڑتال، بلوے، عوامی ہنگامے، دہشت گردی اور سیاسی خطرے سے استثنیٰ، نیوکلیئر خطرات سے استثنیٰ، رابطہ/متعدی بیماری، پابندی کی حد سے استثنیٰ اور منی لانڈرنگ سے استثنیٰ۔
- خودکشی، ازخود ضرب لگانا، قتل، حملہ، دھوکے سے کیا گیا قتل، آتشی اسلحے سے لگنے والی چوٹ، کسی مجرمانہ سرگرمی میں قانون کی خلاف ورزی میں شرکت ۔
- دیگر تفصیلات PMD شرائط کے مطابق

## کلیم کیسے کیا جائے؟

پلان سے متعلق کسی کلیم کی صورت میں، براہ مہربانی ونڈو تکافل آپریٹر سے درج ذیل پتے پر رابطہ کیجئے:

**ای ایف یولائف ہاؤس رابطے کے تفصیلات:**

ای ایف یولائف ہاؤس،کلیمز ڈپارٹمنٹ، پلاٹ نمبر112، آٹھویں ایسٹ
اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، فیز1، کراچی
فون: 111 338 111 9221+
ای میل: claims@efulife.com

شریک اپنا کلیم (کلیمز) حبیب بینک لمیٹڈ کی ہیلپ لائن 425 111 111 (021) کے ذریعے داخل کرسکتا ہے۔

شکایات، منسوخی اور دیگر سوالات کے لئے، صارف درج بالا نمبروں/ای میل پر ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریٹر، ای ایف یو جنرل ونڈو تکافل آپریٹر یا حبیب بینک لمیٹڈ سے بھی رابطہ کرسکتا ہے۔

## اس پروڈکٹ کا بیمہ کار کون ہے؟

اس پروڈکٹ کا بیمہ کار ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریٹر اور ای ایف یو جنرل ونڈو تکافل آپریٹر ہے۔ حبیب بینک لمیٹڈ ای ایف یولائف اور ای ایف یو جنرل کی جانب سے اس پلان کے لئے صرف ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کررہا ہے۔

## دستبرداری:

ای ایف یو ٹرانزیکشنل شیلڈ پلان کی بیمہ کاری، اجراء ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریٹر اور ای ایف یو جنرل ونڈو تکافل آپریٹر کی طرف سے کیا گیا ہے اور اس کے طے کردہ شرائط وضوابط سے مشروط ہے۔ ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریٹر کا مرکزی دفتر پلاٹ نمبر 112، آٹھویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز1، کراچی 75500، پاکستان پر واقع ہے- ای ایف یو جنرل ونڈو تکافل آپریٹر کا مرکزی دفتر ای ایف یو ہاؤس، ایم اے جناح روڈ، کراچی 74400، پاکستان پر واقع ہے۔ حبیب بینک لمیٹڈ ای ایف یولائف اور ای ایف یو جنرل کی جانب سے پلانز کے لئے ایک کارپوریٹ ایجنٹ کے طور پر کام کررہا ہے۔ حبیب بینک لمیٹڈ کسی بھی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا اگر آپ کی درخواست یا کلیم ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریٹر اور ای ایف یو جنرل سے مسترد کردیا جائے۔ حبیب بینک لمیٹڈ کوئی تفتیش نہیں کرے گا اور نہ ہی کلیم کی خوبیوں پر کوئی رائے دے گا۔

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112 ، 8th ،اسٹریٹ، فیزون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com



(021) 111-338-111 | efulife.com | EFU Life PlanIT | /EFULifeAssurance | @EFU_Life | /EFULifeOfficial | EFU_Life | SMS EFULife 9898